سالانہ امتحان — جنرل سائنس — 2007

نوٹ: کوئی بھی چھ سوال حل کریں سوال نمبر 10 لازمی ہے جس پر دس نمبر ہیں باقی ہر سوال پر مساوی نمبر ہیں۔

سوال ۱: کسی بھی تین مسلم سائنسدانوں کی سائنسی خدمات بیان کریں۔

سوال ۲: متوازن غذا سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔

سوال ۳: وائرس کیا ہیں؟ بیماریاں پھیلانے میں ان کا کیا کردار ہے؟

سوال ۴: آلودگی کیا ہے؟ ہوائی آلودگی کی مختلف اقسام بیان کریں۔

سوال ۵: توانائی کے مروج (روایتی) غیر مروج (غیر روایتی) وسائل بیان کیجئے۔

سوال ۶: کمپیوٹر کے بنیادی حصے تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال ۷: موجودہ دور کی صنعتی پیداوار میں سائنس کا کیا کردار ہے؟

سوال ۸: پاکستان کے خلائی پروگرام پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال ۹: کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) سائنس کی شاخیں (ii) کیمیائی کھاد (iii) خسرہ (iv) حیاتین (Vitamins)

سوال ۱۰: خالی جگہیں پر کیجئے (لازمی سوال)

(i) ڈاکٹر عبدالسلام کو .... میں نوبل انعام دیا گیا۔

(ii) محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے ریاضی پر اہم کتاب .... لکھی۔

(iii) گریفائیٹ .... کی بہروپی شکل ہے۔

(iv) .... ایک آفاقی محلل ہے۔

(v) گوشت، دودھ اور مچھلی ہمارے جسم کو .... فراہم کرتے ہیں۔